## سوال

جنازے کے ساتھ ذکر بالجہر؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جنازہ کے پیچھے آواز بلند کرنا اس کی ممانعت میں احادیث و آثار وارد ہوئے ہیں یا صحابہ کرام کا ناپسندیدگی کا اظہار کرنا؟ صحیح وضعیف دلائل بیان فرمادیں تاکہ لوگوں کو سمجھانے میں آسانی رہے۔ یہ بھی الحدیث میں شائع کردیں۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جنازے کے ساتھ بلند آواز سے ذکر کرنا نبی ﷺ اور آثار سلف صالحین سے ثابت نہیں۔ ایک روایت میں آیا ہے کہ آتے جاتے وقت جب نبی ﷺ جنازے کے پیچھے چلتے تو آپ سے لاالہ الااللہ کے علاوہ کچھ بھی نہیں سنا جاتا تھا۔ (الکامل لابن عدی 1/269، 12074۔ 1208 ونصب الرایۃ 3/293 وجاء الحق/ مفتی احمد یار نعیمی بریلوی، طبع قدیم ج 3 ص 404)

اس روایت کا راوی ابراہیم بن احمد بن عبدالکریم عرف ابن ابی حمید الحرانی الضریر جھوٹا تھا۔

"کان یضع الحدیث" وہ حدیثیں گھڑتا تھا۔ (الکامل لابن عدی 1/269 لسان المیزان 1/28)

نتیجہ: یہ سند موضوع ہے۔

ایک دوسری روایت میں آیا ہے: اکثروا فی الجنازۃ قول: لاالہ الااللہ "جنازہ میں کثرت سے لاالہ الااللہ کہو۔ (الدیلمی 1/32 بحوالہ سلسلہ الضعیفۃ والموضوعۃ للالبانی 6/414 ح 2881)

اس میں عبداللہ بن محمد بن وہب، یحیی بن محمد صالح اور خالد بن مسلم القرشی نامعلوم راوی ہیں۔

نتیجہ: یہ روایت موضوع وبے اصل ہے۔ وما علینا الا البلاغ (12/رجب 1426ھ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

[فتاویٰ علمیہ (توضیح الاحکام)]

**ج1ص521**

محدث فتویٰ